## MARKING SCHEME ISLAMIAT ELECTIVE MODEL PAPER CLASS 9TH

### SCORING KEYS SECTION: A (MCQs)

**Marks:** 15

| S# | KEY | ANSWER |
|---|---|---|
| 1 | B | تمثیل ملک |
| 2 | C | انجیل |
| 3 | B | سترہ |
| 4 | B | ع ب د |
| 5 | C | علم اسمائ الرجال |
| 6 | A | لَقَدْ خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ فِي أَحْسَنِ تَقْوِيمٍ |
| 7 | A | خونی رشتہ دار |
| 8 | A | حدیث قولی |
| 9 | C | جزو |
| 10 | C | الموطا |
| 11 | C | قیاس کے |
| 12 | D | تقویٰ |
| 13 | A | عصبیت |
| 14 | B | اس نے لکھا |
| 15 | D | انت |

## RUBRICS

## SECTION - B

**سوال نمبر2**

1۔وحی کی تعریف لکھنے کے 2نمبر،ایک قسم لکھنے کا 1نمبر: کل نمبر4

| | |
|---|---|
| وحی کی تعریف:اللہ کا وہ کلام جو اس کے کسی نبی پر نازل ہو | 2نمبر |
| صلصلۃالجرس، تمثیل ملک، | 1+1 |

2۔ایک قسم لکھنے کا 1نمبر: کل نمبر4

| | |
|---|---|
| رق:ہرن کی جھلی کو مخصوص عمل سے گزار کر لکھنے کے لئے تیار کیا جاتا تھا۔ | ایک نمبر |
| عسب: کھجور کی چھال کو خشک کر کے کاغذ نما بنایا جاتا | ایک نمبر |
| لخاف:پتھر سے بنی ہوئی سلیٹ سے مشابہ چوڑی اور کشادہ سل نما چیز | ایک نمبر |
| اکتاف:اونٹ یا بڑے جانوروں کے مونڈھے کی ہڈی | ایک نمبر |

3۔لغوی معنی لکھنے کے 2نمبر،اصطلاحی مفہوم لکھنے کے 2نمبر:کل نمبر4

| | |
|---|---|
| لغوی معنی:لغوی اعتبار سے عبادت ہے نہایت عاجزی کے ساتھ اطاعت کرنا | دو نمبر |
| اصطلاحی مفہوم:شرعی اصطلاح میں عبادت اللہ تعالیٰ کے سامنے خصوع کے ساتھ اطاعت کو کہتے ہیں جو اوامر کی تعمیل اور نواہی سے اجتناب سے عبارت ہے۔ | دو نمبر |

4:۔حقوق اللہ کی تعریف لکھنے کا 1نمبر،مثال لکھنے کا 1نمبر،حقوق العباد لکھنے کا 1نمبر،مثال لکھنے کا 1نمبر:کل نمبر4

| | |
|---|---|
| حقوق اللہ:اس سے مراد وہ حقوق ہیں جن کا تعلق اللہ کی ذات سے ہے،مثلاً نماز،روزہ حج،قربانی،زکوہ ،فحش کاموں سے بچنا،نیک کام کرنا | 1+1 |
| حقوق العباد:اس سے مراد انسان پر بندوں کے حقوق ہیں،جنکی ادائی ضروری ہے مثلاً والدین کے ساتھ حسن سلوک،قریبی رشتہ داروں اور فقراء کا خیال رکھنا وغیرہ | 1+1 |

5:ترجمہ لکھنے کے 2نمبر،مفہوم لکھنے کے 2نمبر:کل نمبر4

| | |
|---|---|
| ترجمہ:اے پیغمبر ﷺ ہم نے تم کو گواہی دینے والا اور خوشخبری سنانے والا اور خبر دار کرنے والا بنا کر بھیجا ہے | 2نمبر |
| مفہوم:آیت کریمہ میں نبی اکرم ﷺ کی تین صفات بیان ہوئی ہیں۔شاہد،مبشر اور نذیر | 2نمبر |

6۔حدیث کی تعریف لکھنے کے 2نمبر،حدیث قولی کی تعریف لکھنے کا 1نمبر،اور حدیث فعلی کی تعریف لکھنے کا 1نمبر

| | |
|---|---|
| حدیث اس خبر کا نام ہے جس کے ذریعے ہمیں رسول اکرم ﷺ کا کوئی قول،فعل یا تقریر معلوم ہو | 2نمبر |
| حدیث قولی:وہ حدیث جس میں نبی اکرم ﷺ نے کسی بات کے کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں زبانی حکم دیا ہو۔ | 1نمبر |
| حدیث فعلی:وہ حدیث جس میں راوی نے نبی اکرم ﷺ کوئی عمل یا طریقہ بیان کیا ہو | 1نمبر |

7۔قیاس کی تعریف لکھنے کے 2نمبر،ارکان میں سے کوئی سے دو ارکان لکھنے کے 2نمبر:کل نمبر4

| | |
|---|---|
| قیاس:ایک مشترک علت کی بنا پر کسی حکم کو اصل سے فرع کی طرف متعدی کرنا، | 2نمبر |
| ارکان کے نام:اصل،فرع،علت،حکم | 2نمبر |

8۔ تہذیب کی تعریف لکھنے کے 2 نمبر، ایک خصوصیت لکھنے کا 1 نمبر، کل نمبر 4

| | |
|---|---|
| تہذیب: کسی ملک کی عادات و اطوار، رہن سہن، فنون لطیفہ، علوم و آداب طور طریقے، عقائد و نظریات کا نام ہے | 2 نمبر |
| اسلامی تہذیب کی خصوصیات: صبر، رواداری، صدق و امانت، اخوت، وغیرہ | 2 نمبر |

9۔ اسلامی اخوت کی تعریف لکھنے کے 2 نمبر، ایک فائدہ لکھنے کا 1 نمبر: کل نمبر 4

| | |
|---|---|
| اسلامی اخوت: اخوت کا معنی بھائی چارہ کے ہیں۔ اسلام اپنے تمام ماننے والوں کو بھائی بھائی قرار دیتا ہے۔ | 2 نمبر |
| اسلامی اخوت کے فائدے: 1. اتحاد و اتفاق 2. اسلامی دولت مشترکہ کا قیام 3. غیروں کی محکومی سے آزادی 4. مشترکہ دفاع 5. عالم اسلام دنیا کی عظیم طاقت 6. مسلمانوں کی بقا | 2 نمبر |

10۔ اُمت اجابت اور اُمت دعوت میں کیا فرق ہے؟

| | |
|---|---|
| امت اجابت: اس سے مراد وہ امت ہے جس نے آپ ﷺ کی رسالت کو برحق مان کر آپ ﷺ کی اطاعت و پیروی کی۔ | 2 نمبر |
| امت دعوت: اس سے مراد وہ لوگ ہیں جنہوں نے آپ ﷺ کی رسالت کو نہیں مانا | 2 نمبر |

11۔ ایک خصوصیت لکھنے کا 1 نمبر:

| | |
|---|---|
| امت مسلمہ کی امتیازی خصوصیات: 1. عالمگیریت 2. دائمی امت 3. کار نبوت کی علمبردار 4. اعتدال 5. مساوات 6. اخوت 7. رواداری 8. بنیادی حقوق کا تحفظ | 4 نمبر |

12۔ **دَخَلَ زَیدُ فِی المَسجد** : اس جملے میں سے اسم، فعل اور حرف کو الگ الگ کریں۔

| | |
|---|---|
| دخل فعل ہے | 1 نمبر |
| زید اسم ہے | 1 نمبر |
| فی حرف ہے | 1 نمبر |
| المسجد اسم ہے | 1 نمبر |

# سیکشن ۔ ج

**سوال نمبر 3**

| | |
|---|---|
| ترجمہ: اللہ نے مومنوں پر یقیناً احسان کیا ہے کہ ان میں انہی میں سے ایک پیغمبر بھیجا جو ان کو اللہ کی آیتیں پڑھ پڑھ کا سناتے اور ان کو پاک کرتے اور انہیں کتاب و حکمت کی تعلیم دیتے ہیں | 4 نمبر |
| بعثت کے مقاصد | 1+1+1+1 |
| 1۔ تلاوتِ کتاب | |
| 2۔ تزکیہ نفس | |
| 3۔ تعلیم کتاب | |
| 4۔ تعلیم حکمت | |

**سوال نمبر4**

| | |
|---|---|
| حدیث مبارکہ کا ترجمہ :حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:علامت قیامت میں سے یہ ہے کہ علم اٹھ جائے گا۔اور جہالت عام ہو جائے گی،شراب پی جائے گی۔اور بدکاری پھیل جائے گی | 4نمبر |
| موجودہ معاشرے میں پائے جانے والی برائیاں۔ | 4نمبر |
| 1. زنا 2. بے حیائی 3. بددیانتی 4. جھوٹ 5. ملاوٹ 6. ظلم/ناانصافی | |

**سوال نمبر5**

| | |
|---|---|
| فقہی مکاتب کے نام-ایک فقہی مکتب کا نام لکھنے پر 1 نمبر | کل نمبر5 |
| 1. فقہ حنفی 2. فقہ مالکی 3. فقہ شافعی 4. فقہ حنبلی 5. فقہ جعفریہ | |
| ایک فقہی مکتب کا تعارف لکھنے پر 1 نمبر | 3نمبر |
| فقہ حنفی؛یہ امام ابو حنیفہ نعمان بن ثابت کی طرف منسوب ہے اسکی بنیاد چھ کتب ظاہر الروایہ پر ہے | |
| فقہ مالکی:یہ فقہ امام مالک بن انس کی طرف منسوب ہے۔اس کی بنیاد دو کتابوں موطأاور مدوّنہ پر ہے | |
| فقہ شافعی:یہ فقہ امام شافعی کی طرف منسوب ہے،ان کی مشہور کتاب الام ہے | |
| فقہ حنبلی:اس کے بانی امام احمد بن حنبل ہیں۔اس فقہ کے پانچ اصول ہیں | |
| فقہ جعفریہ:اس کے بانی امام جعفر صادق محمد بن باقر ہیں۔اس فقہ کے اصول چار کتابوں | |
| میں درج ہیں۔جن کو اصول اربعہ کہتے ہیں۔ | |

**سوال نمبر6**

| | |
|---|---|
| اصطلاح میں اخلاق سے مراد خیر وشر یعنی اور بھلائی اور برائی میں تمیز ہے۔ | 2نمبر |
| اخلاق حسنہ:وہ پسندیدہ اور مطلوب افعال جن کا ہر انسان سے تقاضا کیا جاتا ہے | 1نمبر |
| اخلاق سیہ:وہ ناپسندیدہ افعال ہیں جن سے اجتناب کرنے کی تاکید کی گئی ہے | 1نمبر |
| ترجمہ:بد خلق اور بد کلام شخص جنت میں داخل نہیں ہو گا۔ | 4نمبر |
| ترجمہ:قیامت کے دن مومن کے میزان میں حسن خلق سے کوئی چیز بھاری نہیں ہو گی | |
| ترجمہ:تم میں سب سے زیادہ نیک وہ شخص ہے جس کا اخلاق سب سے اچھا ہے | |
| ترجمہ:میں تو اسی لیے بھیجا گیا ہوں کہ اخلاق حسنہ کی تکمیل کروں | |